ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی قیادت محمد رضوان کے سپرد

لاہور، 28 فروری 2022ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے کمنٹری پینل نے ٹیم آف ٹورنامنٹ کا انتخاب کرلیا ہے۔ وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی ٹیم کا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

پلیئر آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کا ایوارڈ جیتنے والے محمد رضوان ملتان سلطانز کے ان چار کھلاڑیوں میں شامل ہیں، جنہیں ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کا حصہ بنایا گیا ہے۔ ان کے علاوہ رائیلی روسو، ٹم ڈیوڈ اور خوشدل شاہ کو بھی ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں شامل کیا گیا ہے۔

ٹورنامنٹ کی چیمپئن لاہور قلندرز کے بھی چار کھلاڑیوں کو ٹیم آف ٹورنامنٹ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ ان میں شاہین شاہ آفریدی، زمان خان، فخر زمان اور راشد خان بھی شامل ہیں۔

پشاور زلمی (شعیب ملک)، اسلام آباد یونائیٹڈ (شاداب خان) اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز (نسیم شاہ) کا ایک ایک کھلاڑی بھی ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کا حصہ ہے۔

ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 7:

محمد رضوان (ملتان سلطانز)(کپتان اور وکٹ کیپر)

فخر زمان (لاہور قلندرز)

شعیب ملک (پشاور زلمی)

شاداب خان (اسلام آباد یونائیٹڈ)

رائیلی روسو (ملتان سلطانز)

ٹم ڈیوڈ (ملتان سلطانز)

خوشدل شاہ (ملتان سلطانز)

راشد خان (لاہور قلندرز)

شاہین شاہ آفریدی (لاہور قلندرز)

زمان خان (لاہور قلندرز)

نسیم شاہ (کوئٹہ گلیڈی ایٹرز)

شان مسعود (ملتان سلطانز)(12ویں کھلاڑی)

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: www.pcb.com.pk